© rasailojaraid.com



کیا قربانیاں دیں۔ ان کا تذکرہ ایمان کی مضبوطی اور قلب و ذہن کی نرمی کا باعث ثابت ہوتا ہے۔

## سہ ماہی فروزاں

ایڈیٹر : راجا رشید محمود

ملنے کا پتا : پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ۔ گلبرگ ۳ - لاہور

صفحات ۱۰۴ : قیمت فی پرچہ ۵ روپے ، سالانہ ۲۰ روپے

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے سہ ماہی رسالہ "فروزاں" کا پہلا شمارہ (اپریل ، مئی ، جون ۱۹۸۱ء) پیش نگاہ ہے۔ یہ شمارہ اردو ، پنجابی اور انگریزی تین حصوں پر مشتمل ہے۔ اردو حصہ ۸۸ صفحات کو ، پنجابی ۴ صفحات کو اور انگریزی حصہ ۱۲ صفحات کو محیط ہے۔

"فروزاں" جناب راجا رشید محمود کی ادارت میں جاری ہوا ہے اور اردو ٹائپ میں معروف اصحاب علم کے تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے۔ کاغذ بھی عمدہ ہے۔ مضمون نگار حضرات ہیں پروفیسر محمد طاہر القادری ، "فروزاں" کے ایڈیٹر راجا رشید محمود ، جناب محمد عبد اللہ قریشی ، پروفیسر رفیع اللہ شہاب ، ڈاکٹر کرامت عظیم ، محمد یونس قریشی اور میاں ظفر مقبول!

تمام مضامین علمی اور تحقیقی نوعیت کے ہیں۔ ان کے مطالعے سے بہت سی نئی چیزیں سامنے آتی ہیں اور دامنِ معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہم اپنے معزز قارئین سے سفارش کریں گے کہ وہ اس علمی رسالے کے خریدار بنیں اور اس کے مندرجات و مشمولات سے استفادہ کریں۔

---

# انتخابِ حدیث

از : مولانا محمد جعفر شاہ پھلواروی

یہ کتاب ان احادیث کا مجموعہ ہے جو زندگی کی اعلیٰ قدروں سے تعلق رکھتی ہیں اور جن سے فقہ کی تشکیلِ جدید میں بہت مدد مل سکتی ہے۔ ہر حدیث کی الگ سرخی قائم کی گئی ہے اور اس کا سلیس ترجمہ بھی درج ہے۔ یہ مجموعہ حدیث کی چودہ کتابوں کا خلاصہ اور بے مثل انتخاب ہے۔

صفحات ۶۸۴ قیمت -/۴۵ روپے

ملنے کا پتا :- ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ ، کلب روڈ ، لاہور

© rasailojaraid.com